**حصہ اول: یونان میں آپ کو حاصل انتخاب کا اختیار/ یونان میں آپ کے پاس کون کون سے راستے ہیں.**

یہ معلومات اُن کیلئے ہے جو 20 مارچ 2016 سے پہلے ترکی سے یونان پہنچے ہیں اور کھلے استقبالیہ مراکز/کیمپ میں ہیں.

آپ یونان کے کھلے سہولت مرکز میں ہیں، جوآپ کے تمام انسانی حقوق کو تحفظ فراہم کرنے والا ایک محفوظ ملک ہے.

چونکہ آپ بغیر کسی قانونی طریقہ کار کے یونان میں داخل ہوئے ہیں لہذا آپ کو نیچے دیئے گئے طریقہ کار پر عمل کرنا چاہیے.

**اگر آپ ذیل میں سے کسی بھی حالت میں ہیں تو فوری طورپر یونانی حکام کو مطلع کریں.**

- اگر آپ 18 سال سے کم عمر اور تنہا ہیں.
- اگر آپ کی عمر 65 سال سے زائد ہے.
- اگراپنے بچوں کے ساتھ یونان میں تنہا ہیں.
- اگر کسی سنگین بیماری یا معذوری کا شکار ہیں.
- اگر حاملہ ہیں یا گزشتہ تین ماہ میں بچے کو جنم دیا ہے.
- اگر جسمانی ، نفسیاتی یا جنسی تشدد کا شکار ہیں.
- اگر زخمی ہیں.
- آگر آپ انسانی سمگلنگ کا شکار ہوئے ہیں یا کوئی آپ کا فائدہ اُٹھا تے ہوئے پیسے بنا رہا ہے.
- اگر آپ کا کوئی خاندانی فرد یونان یا کسی اور یورپی ملک میں قانونی طور پرمقیم ہے.

**یہاں آپ کے پاس تین راستے یا تین اختیارات موجود ہیں.**

**پہلا راستہ: شمولیت یا ملاپ کرنا . یعنی یورپ میں پہلے سے موجود آپ کے خاندانی فرد کے ساتھ آپ کا ملاپ/انضمام.**

اگر اپ چاہتے ہیں کہ کسی دوسرے یورپی ملک میں داخل ہوجائیں کیونکہ اپ کا کوئی خاندانی فرد وہاں قانونی رہتا ہے۔ جب آپ اپنی درخؤاست داخل کرتے ہیں تو یونان دوسرے ملک سے آپ کو قبول کرنے کی درخواست کرے گا۔ آخری فیصلہ دوسرے ملک پر منحصر ہے۔

اگر آپ اس صوت حال پر پورا اترتے ہیں، تو یہ ممکن ہے کہ آپ اپنے خاندانی افراد کے ساتھ دوسرے یورپی ملک میں رہیں۔

حالت نمبر ایک) اگر آپ اٹھارہ سال سے کم عمر کے بچےہیں اور آپ بغیر والدین کے سفر کر رہے ہیں تو آپ اس قابل ہیں کہ اپنے خاندانی ممبر کے ساتھ دوسرے ملک میں رہیں۔ آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کو اپنے ماں باپ، بہن یا بھائی یا کسی نگہداشت کنندہ ، چچا چچی، دا دا یا دادی کے ساتھ رہنے کے لیے لایا جائے۔

حالت نمبر 2) اگر آپ بالغ ہیں اور اٹھارہ سال سے اوپر ہیں آپ اپنے بیوی بچوں کے ساتھ جو کہ ابھی بالغ نہیں ہیں، رہنے کے لیے درخواست کر سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ قانونی طور پر یورپی ممالک میں رہتے ہوں۔

آپ دستاویزات پیش کرنے ہونگے تاکہ یہ دیکھا جائے کہ آپ جو کچھ کہہ رہے ہیں وہ سچ ہے۔ اگر آپ مذکورہ بالا حالات ہر پورا نہیں اترتے تو بعضاوقات کچھ یورپی ممالک صرف فیملی ملاپ کو مانتے ہیں۔ اس کی یہ وجہ ہوتی ہے کہ شاید آپ کو کوئی شدید بیماری ہو یا کوئی اور خاص ضروریات ہوتی ہیں۔ اس کا فیصلہ معاملہ کی انفرادی نوعیت پر ہوتا ہے۔

اگر آپ کا فیملی ملاپ والا معاملہ رد ہو جائےتو یونانی قانون اس بات کا فیصلہ کرے گا، آیا اپ پناہ لے سکتے ہیں یا نہیں۔

**دوسرا راستہ**: نقل مکانی کرنا۔ آگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کو کوئی اور یورپی ملک قبول کرے کیونکہ آپ کا کوئی خاندانی فرد وہاں پہلے سے قانونی طور پر مقیم ہے تو آپ کو یونان میں اس کیلئے درخواست دائر کرنا چاہیے.
یونان آپ کی درخواست کی بنا پر، اس ملک سے درخواست کرے گا کہ وہ ملک آپ کو سیاسی پناہ کیلئے قبول کر لے تاہم اس پر فیصلہ اسی ملک کو کرنا ہے نہ کہ یونان کو.
اگر آپ مندرجہ ذیل میں کسی حالت پرپورا اترتے ہیں تو ممکن ہے آپ اپنے خاندانی فرد کے ساتھ رہ سکتے ہیں.
1۔ آپ اپنے خاندانی فرد جو پہلے سے قانونی طور پر مقیم ہے، کے ساتھ یورپ کے کسی دوسرے ملک میں رہ سکتے ہیں اگر آپ کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہے اور آپ اپنے والدین یا کسی قانونی رہنما کے بغیر سفر کر رہے ہیں. آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کو آپ کے ماں باپ، بہن، بھائی،خالہ، خالو یہ دادا، دادی میں سے کسی کے پاس بھیج دیا جائے.
2: اگر آپ کی عمر اٹھارہ سال سے زائد ہے اور آپ کی اولاد یا آپ پر انحصارکرنے والا کوئی پہلے سے یورپ میں قانونی طور پر مقیم ہے. اس صورت میں آپ کو دستاویزات فراہم کرنا پڑے گی کہ آپ جو بتا رہے ہیں وہ سچ اور حقائق پر مبنی ہے. بعض ممالک اوپر بیان کردہ شرائط کے بغیر بھی آپ کو اپنے خاندانی فرد کے ساتھ رہنے کی اجازت دے دیتے ہیں ایسا اس صورت ہو سکتا ہے اگر آپ بہت زیادہ بیمار ہے یا کوئی خاص وجہ ہے. یہ ہر معاملہ انفرادی نوعیت پر منحصر ہے.
3۔ اگر دوسرا ملک آپ کے خاندانی انضمام کی درخواست مسترد کر دیتا ہے تو یونان فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کو یونان میں سیاسی پناہ مل سکتی ہے.
4۔ آپ یونان میں 24 مارچ 2015 کو داخل ہوئے تھے۔
**تیسرا راستہ:یونان میں سیاسی پناہ.**
اگر آپ کو اپنے ملک واپس جانے پر خطرہ لاحق ہو اور آپ یونان میں بین الاقوامی حفاظتی پناہ کی درخواست دائرکرنا چاہتے ہیں تو آپ کو یونان میں سیاسی پناہ کی درخواست دینی چاہیے. یونانی خدمت برائے سیاسی پناہ، پناہ کے طریقہ کار، آپ کے حقوق اور آپ کے تحفظات سے متعلق آپ کی رہنمائی کرے گی، اور جانچ پڑتال کرے گی آیا آپ بین الاقوامی حفاظتی پناہ کے حقدار ہیں؟
اگر آپ کو یونان میں سیاسی پناہ کا حق حاصل ہوجاتا ہے تو آپ یونان میں کم از کم پانچ سال رہیں گے اور کسی اور یورپی ملک میں سکونت اختیار نہیں کر سکتے.
**تیسرا راستہ : رضاکارانہ طور پر آپ کی وطن واپسی.**
اگر آپ اپنے وطن واپس جانا چاہتے ہیں تو یونانی حکام اور بین الاقوامی ادارہ برائے مہاجرین IMO آپ کو اپنے اپنے ملک واپس جانے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں. اگر غیر قانونی طور پر، آپ یونان سے کسی دوسرے ملک جاتے ہیں تو آپ کو واپس یونان بھیج دیا جائے گا.
یاد رہے کہ یونان کسی دوسرے ملک پر زورنہیں دے سکتا کہ وہ آپ کو قبول کرے اور نہ ہی آپ کو غیر قانونی طور پر یونان چھوڑنے کی اجازت دے سکتا ہے.
غیر قانونی اور غیر انسانی سفر آپ اور آپ کے خاندان کیلئے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے. ایسا کرنا آپ کے حقوق کے استحصال اور تشدد کا سبب بن سکتا ہے.

**ان تینوں راستوں کے لیے ضروری ہے کہ آپ نے یونانی خدمت برائے سیاسی پناہ کے ساتھ رجسٹریشن سے پہلے کا عمل مکمل کیا ہو.**